نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

حکومت امریکہ کی جانب سے زلزلہ زدگان کیلئے 38 تعلیمی وظائف

اسلام آباد (25 ستمبر 2006ء) ___ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) کی اعانت سے ایک منصوبہ کے تحت پاکستان میں زلزلہ سے متاثر ہونے والے علاقوں سے تعلق رکھنے والے طالبعلموں کیلئے 38 وظائف دیئے جائیں گے۔ یہ وظائف زراعت اور بزنس کی تعلیم کیلئے مختص ہوں گے اور ان سے طالب علموں کے فیس اور ماہانہ اخراجات کی ادائیگی ہوگی۔

زلزلہ زدگان کیلئے یہ تعلیمی مواقع ان 398 وظائف میں سے ہیں جو پاکستان کا ہائیر ایجوکیشن کمیشن امسال 'یوایس ایڈ۔ ہائیر ایجوکیشن کمیشن اِن کنٹری اسکالرشپ پروگرام' کے تحت دے گا۔ یہ وظائف تعلیمی صلاحیت اور مالی ضرورت کی بنیاد پر دیئے جائیں گے۔

ان وظائف کیلئے درخواست دینے کیلئے طالبعلموں کو لازماً پاکستان کی ان گیارہ یونیورسٹیوں میں سے کسی ایک میں داخلہ لینا ہوگا جنہیں اس منصوبہ کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ داخلہ کے بعد طالب علم یوایس ایڈ کے وظیفہ کیلئے درخواست دے سکیں گے اور ان کی درخواستیں پر ان کی مالی ضرورت کی بنیاد پر غور کیا جائے گا۔ وظائف کے اجراء کا فیصلہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن اور یونیورسٹیوں کے حکام کریں گے۔

چار سال قبل اس پروگرام کے اجراء سے اب تک 602 وظائف جاری کئے جا چکے ہیں۔ یہ وظائف حکومت امریکہ کے پاکستان کیلئے 66.7 ملین ڈالر مالیت کے تعلیمی امدادی پروگرام کا حصہ ہیں، جس سے چار لاکھ بچے اور 23 ہزار سے زیادہ اساتذہ استفادہ کر رہے ہیں۔ یوایس ایڈ کے 2002-2007ء کے چھ سالہ منصوبہ کا کل تخمینہ 265 ملین ڈالر لگایا گیا ہے۔ لگ بھگ 178 ملین ڈالر کی رقم معیاری بنیادی تعلیم کیلئے اور تقریباً 87 ملین ڈالر اعلیٰ تعلیم کیلئے مختص کئے گئے ہیں۔

علاوہ ازیں، آئندہ چار برسوں کے دوران یوایس ایڈ کا زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں تعمیر نو کے پروگرام کے تحت بھی تعلیم کے شعبہ میں 65 ملین ڈالر کی امداد فراہم کی جا رہی ہے جس کے ذریعہ پرائمری اور مڈل اسکولوں کی تعمیر نو کی جائے گی اور 13 ملین ڈالر کی رقم سے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں نئے اور موجودہ اساتذہ اور اسکولوں کے منتظمین کو تربیت دی جائے گی۔

امریکہ، یوایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت عامہ، نظم ونسق کی بہتری اور معاشی ترقی کیلئے ڈیڑھ ارب ڈالر سے زیادہ کی ترقیاتی امداد فراہم کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، امریکہ نے زلزلہ سے متاثر ہونے والے علاقوں میں امدادی کوششوں اور تعمیر نو کی سرگرمیوں میں پاکستان کے عوام اور حکومت کا ہاتھ بٹانے کیلئے 51 کروڑ ڈالر کی امداد دینے کا بھی وعدہ کیا ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3